سوال

(783)خود کو کہیں جانے سے روکنے کے لیے طلاق کے ساتھ معلق کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی یہ قسم کھائے کہ مجھ پر طلاق ہو، میں فلاں جگہ نہیں جاؤں گی، چنانچہ وہ چلا گیا، تو اب کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی یوں کہے، مجھ پر طلاق ہو، میں فلاں جگہ نہیں جاؤں گا، پھر وہ جان بوجھ کر بلا نسیان اس جگہ چلا گیا تو اس سے ایک طلاق پڑ جائے گی۔ اگر نہیں جائے گا تو نہیں پڑے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 560

محدث فتویٰ